www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

کا ذکر کیا گیا ہے اس سے موجودہ حالات میں منافقت کا بھی اندیشہ ہے جو ایک خطرناک مرض ہے اور انتشار کا سبب بھی۔ اس لیے اگر معتقدات یا معمولات میں مداہنت کی تلقین کی بجائے جذبۂ اتباع کتاب وسنت بیدار کیا جائے تو خود ہی شخصی اختلافات کی شدت کم ہو کر اتحاد زور پکڑے گا اور بے لاگ تحقیق کا میلان پیدا ہوگا جس سے نہ صرف مسائل میں عوام کا الجھاؤ کم ہو کر باہمی نفرت وتعصب میں تخفیف ہوگی اور فتویٰ بازی کا میدان ٹھنڈا پڑ جائے گا بلکہ مسائل میں بھی الاھم فالاھم کی بنیاد پر زور دیا جائے گا صرف ما بہ الاشتراک کی تلاش توفضویت (انتشار) کا موجب ہوتی ہے نیز دنیا بھر کے مسلمانوں کا مشترکہ سرمایہ اللہ اور اس کے رسول کی کتاب وسنت ہی ہیں اور انہی سے حقیقی وابستگی باہمی دلبستگی کا ذریعہ بن سکتی ہے (مدیر)

(۴)

نام کتاب	دو ماہی "اسلامی تعلیم" ڈاکٹر محمد رفیع الدین نمبر
مرتب	مظفر حسین
صفحات	۸۸
قیمت فی شمارہ	دو روپے
سالانہ چندہ	دس روپے
ناشر	آل پاکستان اسلامک ایجوکیشن کانگرس ۔ ۲۰۔ فرینڈز کالونی ملتان روڈ۔ لاہور

ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم ایک بلند پایہ فلسفی تھے اور یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ مستقبل کا انسان قرآنی "نظریۂ کائنات" کے علاوہ ہر نظریۂ کائنات کو عہد قدیم کی جہالت قرار دے گا (انتساب قرآن اور علم جدید) مرحوم نے اسلامی فلسفۂ کائنات کی تشریح وتوضیح میں عمر عزیز کا ایک حصہ گزارا۔ دو ماہی "اسلامی تعلیم" ان کے افکار ونظریات کی ترویج واشاعت میں مصروف ہے۔ زیر نظر اشاعت ڈاکٹر مرحوم کی یاد میں مختص ہے۔ آغاز میں ڈاکٹر صاحب کا مختصر تعارف اور ان کا عکس تحریر پیش کیا گیا ہے۔ مدیر رسالہ جناب مظفر حسین صاحب کے مختصر اور پُر زور اداریہ کے بعد مضامین شروع ہوتے ہیں۔ عبدالحمید کمالی عباد اللہ فاروقی مرحوم اور مدیر کے مضامین شامل اشاعت ہیں جن میں ڈاکٹر صاحب کے نظریات کی تفہیم وتشریح کی گئی ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے چار مختصر مضامین قومی کردار، مستقبل کا نعرۂ انقلاب، اسلام میں آزادی اور ترقی کا مفہوم اور نظریاتی تعلیم پرچے کا اہم جزو ہیں۔

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ